میں تذکرہ کیا گیا تھا ان کی فہرست بھی دے دی گئی ہے تا کہ دیگر اہل علم کی طرح سوانح نگاروں کے لئے بھی یہ اشاریہ مفید ہو جائے، ص/۲۰ تفصیلی وضاحت موجود ہے۔

یہ کتاب اس قابل ہے کہ علوم اسلامیہ کے ہر طالب علم کے پاس ہونی چاہئے اور ہر لائبریری کی زینت بنی چاہئے۔اس موقع پر مرتب کے ساتھ ان کی سپروائزر پروفیسر ڈاکٹر نگار سجاد صاحبہ بھی مبارکباد کی مستحق ہیں جو نامساعد حالات میں اتنی ضخیم وخوبصورت کتب مسلسل شائع کرنے میں مصروف ہیں۔

مجلّہ کا نام　　ماہنامہ رشد لاہور کا قرأات نمبر (حصہ اول)

مدیر　　قاری حمزہ مدنی سرپرست حافظ عبدالرحمٰن مدنی

ج/۲۰، ش/۴ جون ۲۰۰۹ء

ناشر　　کلیۃ القرآن الکریم والعلوم السلامیۃ، ۹۹ جے ماڈل ٹاؤن لاہور

قیمت وصفحات　:　۱۵۰ روپے　۷۱۹/ص

حافظ عبدالرحمٰن مدنی سلفی کسی تعارف کے محتاج نہیں، صاحب علم اور فعال شخصیت ہیں، آپ ان لوگوں میں سے ہیں جنہوں نے منظم انداز میں زندگی گزاری اور قرآن وسنت کے فروغ کے لئے متعدد اداروں کی بنیاد رکھی، مارچ ۲۰۰۹ء میں مجھے لاہور کے سفر میں ریسرچ سینٹر ملاحظہ کرنے اور حافظ صاحب کے صاحبزادوں سے ملاقات کا موقع ملا۔ ماہنامہ محدث اور ماہنامہ رشد بیک وقت دو مجلات آپ کے زیر سرپرستی شائع ہو رہے ہیں، پیش نظر مجلہ رشد فن قرأت کے تعارف، قراءات سبعہ عشر کے تاریخی ارتقاء اس کی حجیت ازروئے قرآن، حدیث اور تعامل امت پر مشتمل ہے۔ یہ خصوصی نمبر قراءات پر انسائیکلوپیڈیا ہے اور فقط پہلے حصہ پر مشتمل ہے دوسرے حصہ کا انتظار ہے، (جس میں چیف ایڈیٹر کا ایک مضمون شامل اشاعت ہے۔)

قرآن کریم کے مختلف لہجوں کی حجیت، قرأت کا ثبوت حدیث کی روشنی میں برصغیر میں برصغیر میں قراءات کا فروغ وارتقاء۔ سبعۃ احرف کا مفہوم قراءات کی اسانید۔ مطبوعہ مصاحف کا